# محبّ ملت سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ حج لائیسنس نمبر: 2239-6737/P

# حج پیکج 2018ء نمبر:2 وزارت مذہبی امور سے منظور شدہ

# کل پیکج 469,066 روپے

| نمبر شمار | مقام | سہولیات |
|---|---|---|
| 1 | مکتب D نیو منیٰ | منیٰ میں میٹرس، بس بذریعہ معلم، تین وقت کھانا سنگل ڈش پارسل بذریعہ معلم، عرفات میں ایئر کولر۔ |
| 2 | مکہ مکرمہ رہائش ہوٹل | حرم شریف سے فاصلہ 700 سے 1200 میٹر تک مشترکہ کمرے (sharing rooms) 6 حجاج کرام تک ایک کمرے میں ہونگے۔ مرد اور عورتوں کو الگ الگ کمروں میں رہائش دی جائے گی۔ ناشتہ اور دو وقت کا کھانا ڈبل ڈش۔ |
| 3 | رہائش مدینہ منورہ | حرم شریف سے فاصلہ 300 سے 600 میٹر تک، مشترکہ کمرے (sharing rooms) 6 حجاج کرام تک ایک کمرے میں ہونگے۔ مرد اور خواتین الگ الگ کمروں میں رہیں گے۔ ناشتہ اور دو وقت کا کھانا ڈبل ڈش۔ |
| 4 | ٹرانسپورٹ | جدہ سے مکہ مکرمہ بذریعہ مکتب وکلا اور مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ، مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے جدہ، حج سے پہلے اور حج کے بعد مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ اور مدینہ منورہ سے جدہ یا مدینہ منورہ ایئر پورٹ کا سفر اسپیشل ٹرانسپورٹ استعمال بذریعہ معلم اور مشاعر کا سفر بذریعہ معلم بسوں میں ہوگا۔ |
| 5 | تحائف | احرام/عبایہ، بیگ، پرس، سکارف، پانی بوتل وغیرہ۔ |
| 6 | زیارات | زیارات مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ۔ |
| 7 | اضافی سہولیات پیکیج میں ٹکٹ کے علاوہ 10% کے مطابق | مشاعر ٹرانسپورٹ، کھانا 2 ڈش کے بجائے اضافی ڈش وغیرہ کی الگ چارجز ہونگے۔ |
| 8 | اضافی سہولیات پیکیج کے 10% کے علاوہ | ڈبل یا ٹرپیل بیڈروم، عرفات کولر کے بجائے ACِ، منیٰ میں AC، صوفہ کمبیڈ، جپسم بورڈ، اس کے الگ چارجز ہونگے۔ اور ٹکٹ میں 95000 سے زیادہ رقم حاجی خود ادا کریگا، (یہ سہولیات پیکیج کے 10% سہولیات میں شامل نہیں ہوگی) |

پیکج نمبر۔۔2۔: اضافی سہولیات اور اسکی رقم

۱۔صوفہ کم بیڈ--------------------------------------------3160روپے

۲۔عرفات ائیرکنڈیشن------------------------------------4898روپے

۳۔میل اپگریڈیشن (Meal Upgradation)------------------------2876روپے

۴----------------------------------------------------0000روپے

## ٹوٹل پیکج بمعہ اضافی سہولیات:------480,000۔روپے

نوٹ:۔ قربانی پیکج میں شامل نہیں۔

# ہدایت نامہ

1۔ رہائش کیلیے کمرے مردوں اور عورتوں کو الگ الگ دیے جائیں گے اس لیے فیملی کو الگ کمرہ فراہم نہیں ہوگا۔ اگر کوئی حاجی اپنی فیملی کے ساتھ علیحدہ رہائش لینا چاہے تو گروپ لیڈر کو پہلے سے آگاہ کرے ،تاکہ اس کیلیے بندوبست کیا جاسکے۔ علیحدہ کمرے کے اضافی چارجز ہوگی۔

2۔ ہر کمرے میں گنجائش کے مطابق 6 حجاج کرام ٹھریں گے۔ کمروں میں اٹیچ باتھ روم نہیں ہوں گے بلکہ ہر دو کمروں پر ایک باتھ روم ہوسکتا ہے۔

3۔ کمروں میں پینے کیلیے آب زم زم حجاج کرام صاحبان خود لائنگے۔ باتھ روم کے پانی کا انتظام بلڈنگ کے مالک کی ذمہ داری ہوتی ہے لہذا کبھی بھی رش کی وجہ سے پانی میں کمی آجائے تو صبر کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

4۔ سعودی عرب کے قوانین کے مطابق حجاج کرام صاحبان کے ساتھ کمروں میں اور منیٰ ،عرفات میں غیر متعلقہ افراد بالکل نہیں ٹھرینگے صرف ملاقات کے لیے آسکتے ہیں۔

5۔ حج فلائیٹ کسی بھی ایر لائین میں پشاور یا اسلام ایر پورٹ سے ہوگی جس میں دوران پرواز وقفہ بھی آسکتا ہے۔

6۔ جہاز پر سفر کیلیے سامان کا وزن 30 کلو، ہینڈ بیگ 7 کلو اور ایک ٹپکہ آب زم زم 5 لیٹر فری ہوگا۔ اضافی سامان پر حجاج کرام کو اضافی رقم ادا کرنا پڑے گا۔ حجاج کرام اپنے سامان کے ذمہ دار خود ہونگے۔

7۔ صرف اپنے ضرورت کے دوائیاں، چار جوڑے کپڑے 2 عدد احرام اور ہمارے دیے ہوے تحفہ جات اپنے ساتھ لے جایے۔ غیر قانونی اشیاء اپنے ساتھ لے جانا ممنوع ہے۔ سعودی عرب میں منشیات کی سزا موت ہے۔ خوراک کا سامان، ٹوتھ پیسٹ ،صابن وغیرہ بھی ساتھ لے جانا ممنوع ہے۔

8۔ دوران حج بیماری، موت یا ناگہانی حادثے کی صورت میں کمپنی مناسب رہنمائی اور مدد کرے گی اس سلسلے میں جملہ اخراجات حاجی صاحبان خود برداشت کرینگے، اور جو حاجی دوران حج فوت ہو جائے تو وزارت مذہبی امور کی جانب سے 2018ء حج پالیسی کے تحت جو طے شدہ معاوضہ ہو وہ حاجی کے وارث کو ملے گا۔

9۔ بلڈنگ سے منیٰ اور منیٰ سے عرفات اور عرفات سے مزدلفہ معلم سعودی تعلیمات کے مطابق حجاج کو بسوں میں پہنچایے گا، ،رش زیادہ ہو تو پیدل جانا پڑے گا اس لیے اگر بسوں کا انتظام بروقت نہ ہوسکے تو اس میں گروپ لیڈر ذمہ دار نہیں ہوگا کیونکہ بسوں کی پوری ذمہ داری اور اختیار معلم کی ہوتی ہے۔ منیٰ عرفات میں رش کی وجہ سے اگر جگہ تنگ ملے تو بنکر بیٹ بھی ہوسکتا ہے لہذٰا حجاج کرام کو صبر کا مظاہرہ کرنا ہوگا

10۔ پاسپورٹ پر سعودی عرب کا حج ویزا لگنے کے بعد اگر حاجی اپنا داخلہ منسوخ کرنا چاہیے تو کمپنی کی طرف سے اس کو کوئی رقم واپس نہیں ملے گی۔ اور مقررہ وقت سے پہلے داخلہ منسوخ کرنا چاہیے تو ایر لائین کی پالیسی اور مذہبی امور کے قوانین کے مطابق رقم واپس ملے گی۔

11۔ سال میں دوسری دفعہ حج یا عمرہ کی وجہ سے اضافی 2000 ریال آئے تو وہ رقم حجاج خود ادا کرے گا۔

12۔ حجاج کرام کے ساتھ داخلے کے بعد ہمارا رابطہ برائے حج پر جانے کی تاریخ کی خوشخبری، دوسرا رابطہ برائے تربیت مناسک حج ویکسین ہے جبکہ تیسرا رابطہ برائے پاسپورٹ اور ٹکٹ اور دیگر ضروری کاغذات دینے کا ہوتا ہے۔

13۔ ہر حاجی تمام واجبات حج پر جانے سے پہلے کمپنی کو بذریعہ کراس چیک/بینک ڈرافٹ یا نقد ادا کرے گا۔ جس حاجی کے ذمہ واجبات بقایا ہو ان کو پاسپورٹ اور ٹکٹ حوالہ نہیں کیا جائے گا۔

14۔ کھانے کا ترتیب، کھانے کا ایگریمنٹ سعودی عرب کی کیٹرنگ کمپنیوں سے ہوتا ہے۔ یہ پوری ذمہ داری اُس کیٹرنگ کمپنی کا ہوتا ہے۔ کھانے کا وقت مقرر ہوتا ہے لہذا وقت کی پابندی بہت ضروری ہے۔

15۔ حج داخلے کے لئے 8 عدد نیلے پردے کا تصاویر، پاسپورٹ جسکی میعاد (2019-03-21) ہو، شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، ایک عدد وارث کا شناختی کارڈ فوٹو کاپی اور موبائل نمبر، بلڈ گروپ جو ڈاکٹر سے تصدیق شدہ ہو

میں نے کمپنی نام-------------------------------------------------حج کمپنی کا پیکج بمع اڈیشنل سہولیات اور ہدایات نامہ پڑھا اور قبول کیا۔

حاجی/حاجن کا نام--------------------ولدیت/زوجہ----------------------پاسپورٹ نمبر----------------------

حاجی/حاجن کا دستخط-----------------------حاجی/حاجن کا انگھوٹا---------------------------

گروپ لیڈر کا نام-------------------گروپ لیڈر کا دستخط اور کمپنی کا مہر----------------------